الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 17نومبر،2017

2018ء کہ عام انتخابات کی تیاری کے حوالے سے پلاننگ کمیٹی کا چودھواں اجلاس آج الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں منعقد ہوا۔

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے عام انتخابات 2018ء کی تیاری کے حوالے سے پلاننگ کمیٹی کا چودھواں اجلاس 17نومبر2017ء الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس کی صدارت سیکرٹری الیکشن کمیشن بابر یعقوب فتح محمد نے کی۔ اجلاس میں چاروں صوبائی الیکشن کمشنرز اور الیکشن کمیشن کے اعلی افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں 7 دسمبر کو قومی ووٹر ڈے شایان شان طریقے سے منانے کا فیصلہ ہوا۔ مرکزی تقریب ایوان صدر (اسلام آباد) میں منعقد ہوگی۔ جس کے مہمان خصوصی صدر مملکت ہوں گے۔ چیف الیکشن کمشنر جناب جسٹس سردار محمد رضا اس پر وقار تقریب میں خطاب کریں گے۔ اس کے اس تقریب میں مختلف گورنمنٹ اداروں کے 700افسران شریک ہوں گے۔ صوبائی سطح پر چاروں گورنرز ہاؤسز میں تقریبات منعقد ہوں گی۔ جس میں گورنرز صاحبان مہمان خصوصی ہوں گے۔ ان تقریبات میں چاروں صوبائی الیکشن کمشنرز صاحبان خطاب کریں گے۔ اور 2018ء کے انتخابات کے حوالے سے ووٹ کی اہمیت کو اجاگر کرنے پر زور دیں گے۔ اس کے علاوہ ڈویژن اور ضلعی سطح پر ووٹر آگاہی واک ہوگی۔ جس میں میڈیا سول سوسائٹی خواتین تنظیمیں اور عوام شرکت کریں گے۔ 7 دسمبر کو قومی ووٹر ڈے کے حوالے سے تمام انتظامات مکمل ہیں۔ 7 دسمبر کو قومی ووٹر ڈے کے حوالے سے سیکرٹری الیکشن کمیشن کی طرف سے چاروں صوبائی الیکشن کمشنر کو خصوصی ہدیات دی کہ قومی ووٹر ڈے کے حوالے سے کامیاب بنانے کے لئے بھرپور انتظامات کیے جائیں۔ تمام ضلعوں میں ووٹر لسٹوں کی کمپیوٹرزڈ اندارج کا کام تیزی سے پورے ملک میں جاری ہے۔ جبکہ بلوچستان میں اس پر کام مکمل کرلیا گیا ہے۔ دسمبر میں ملک کے تمام اضلاع اور فاٹا میں کمپیوٹرزڈ ووٹر لسٹوں کی ڈیٹا فیڈنگ کا نظام بھی مکمل ہوجائے گا۔ جس سے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنرز کے ضلعی دفاترز میں نئے ووٹرز کا اندراج آسانی سے ہوگا۔ اس سے عوام کو سہولت مل جائے گی۔ پہلے یہ نظام نادرا کے ضلعی دفاتر میں ہوا کرتا تھا۔ اب ووٹ کا اندراج جلد ممکن ہوجائے گا۔ تقریباً90لاکھ پولنگ عملے کی تربیت کا مرحلہ وار پروگرام نومبر کے آخر میں شروع کرنے کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے میں الیکشن کمیشن کے 85لیڈ ٹرینرز کی ٹریننگ گئی ہیں۔ دوسرے مرحلے میں 3000 ماسٹرز ٹرینرز کی ٹریننگ ہوگی۔ تیسرے مرحلے میں تمام

پولنگ عملے کی تربیت ہوگی پولنگ عملے کی ٹریننگ کے تمام مرحلوں کو مئی 2018ء تک مکمل کرلیا جائے گا۔ حلقہ بندیوں پر اہم اجلاس کے لئے اور انتظامات کے لئے چاروں چیف سیکرٹریز کو الیکشن کمیشن بلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ خواتین ووٹرز کے اندارج کے لئے خصوصی مہم ملک کے 79 اضلاع میں شروع کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس مہم ان 79 اضلاع میں نادرا اور سول سوسائٹی کے تعاون سے پہلے شناختی کارڈ کے حصول کے لئے اقدامات کیے جائیں گے۔ دوسرے مرحلے میں ان خواتین کو ووٹر لسٹوں میں درج کیا جائے گا۔ دسمبر سے یہ مہم شروع ہوگی جس کا افتتاح چیف الیکشن کمشنر جسٹس سردار محمد رضا خود کریں گے۔ 2018ء کے عام انتخابات سے پہلے تمام خواتین کو ووٹر لسٹوں میں اندراج کو یقینی بنایا جائے گا۔ اس طرح مرد و خواتین کے تناسب کو ختم کیا جائے گا نادرا کی موبائل وین کو ان تمام اضلاع میں بھیجا جائے گا۔ جہاں خواتین کی تعداد ووٹر لسٹوں میں مردوں کے مقابلے میں کم ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆